سوال

کیا کفار کو وہ قرآن کریم جس کے حاشیہ پر ترجمہ کیا گیا ہے اور قرآنی نص عربی میں ہو دعوۃ و تبلیغ کی غرض دیا جا سکتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا :

کافر کو وہ قرآن کریم دینا جس میں ترجمہ و تفسیر اور قرآنی نص ایک ہی حجم میں ہو اس کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

اللہ تعالی آپ کو سلامت رکھے_ علماء کے ہاں معروف یہ ہے کہ قرآن مجید پر کافر کا مسلط ہونا جائز نہیں لیکن کافر کو دعوت و تبلیغ کرنی چاہے -اگر وہ کافر سچا ہو اور قرآن کریم کی معرفت چاہتا ہو- تو اسے لائیبریری آنے کی دعوت دی جائے چاہے وہ لائبریری گھر کی ہو یا پھر عمومی ہو تو اسے اپنے سامنے قرآن مجید دکھائے ۔ انتہی ۔

اور اگر قرآنی نص کے بغیر صرف ترجمہ کا نسخہ مل جائے تو وہ کافر کو دینے میں کوئی حرج نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم - .